میسرز اللہ وسایا ٹیکسٹائل اینڈ فنشنگ ملز لمیٹڈ - ملتان

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنی کے حصص داران کا غیر معمولی اجلاس عام بروز جمعرات 23 مئی 2024ء بوقت 02:30 بجے دوپہر کمپنی کے رجسٹرڈ آفس بمقام اللہ وسایا سکوائر، وہاڑی روڈ، ملتان میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لیے منعقد ہوگا۔

عمومی امور

1۔ 28 اکتوبر 2023ء کو منعقدہ 66ویں سالانہ اجلاس عام کی کاروائی کی توثیق۔

2۔ کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (1) 159 کے تحت بورڈ کے ڈائریکٹران کی مقرر کردہ تعداد یعنی گیارہ (11) ڈائریکٹران بشمول چار (4) خودمختار ڈائریکٹران اور خواتین ڈائریکٹران کو 30 مئی 2024ء کے آغاز سے تین سال تک کے لئے انتخاب۔ سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹران کے نام درج ذیل ہیں۔

1۔ میاں محمد جمیل
2۔ محترمہ نصرت جمیل
3۔ محترم محمد عالمگیر جمیل خان
4۔ میاں ادریس احمد شیخ
5۔ میاں توقیر احمد شیخ
6۔ مسز بشریٰ توقیر
7۔ مسز مصباح ادریس شیخ
8۔ مسز عائشہ منصور
9۔ محترم جاوید مسرت
10۔ محترم عبدالرحمن قریشی
11۔ محترم عمران حسین

تمام ڈائریکٹران جو اپنی ذمہ داریوں سے سبکدوش ہو رہے ہیں ماسوائے جاوید مسرت صاحب کے ڈائریکٹر بننے کے اہل ہیں۔

(بیان بمطابق سیکشن (3)166 کمپنیز ایکٹ 2017ء کے عمومی کاروبار کی تفصیل لف ہے۔)

خصوصی امور

3۔ مناسب سمجھا گیا تو کمپنی کے تین (03) کل وقتی ورکنگ/ایگزیکٹو ڈائریکٹران بشمول چیف ایگزیکٹو آفیسر کے ماہانہ مشاہروں میں مناسب اضافے کے لیے درج ذیل عمومی قرارداد کو کسی تبدیلی یا بغیر تبدیلی کے منظور کرنا:

"یہ طے کیا گیا ہے کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر، ڈائریکٹر مارکیٹنگ اینڈ سیلز اور ڈائریکٹر پروڈکشن ہر ایک کو مبلغ -/900,000 روپے نیٹ آف ٹیکس ماہانہ مشاہرہ بشمول درج ذیل مراعات/فوائد کے منظوری دی گئی ہے۔

(i) ذرائع نقل و حمل بمع ڈرائیور ۔ کمپنی کی اپنی دیکھ بھال شدہ کاروں کا مفت استعمال

(ii) طبی سہولیات۔ اصل اخراجات کی بنیاد پر

(iii) رہائش کی سہولیات بشمول بجلی، گیس اور ٹیلی فون بمع انشورنس ۔ کمپنی کی طرف سے اصل کے مطابق ادا کیا جائے گا۔

(iv) رہائش گاہ پر سکیورٹی گارڈز، باورچی اور مالی کی سہولت ۔ کمپنی کی طرف سے فراہم کی جائے گا۔

(v) حادثاتی انشورنس کی سہولت ۔ کمپنی کی طرف سے فراہم کی جائے گی۔

(vi) سفری اخراجات کی ادائیگی۔ اصل اخراجات کی بنیاد پر۔"

(بیان بمطابق سیکشن (3)134 کمپنیز ایکٹ 2017ء کے خصوصی کاروبار کی تفصیل لف ہے۔)

دیگر امور

4۔ چیئرپرسن کی اجازت سے دیگر امور کی انجام دہی۔

ملتان ۔ 02 مئی 2024ء

بحکم بورڈ آف ڈائریکٹرز
محمد اسمٰعیل ۔ کمپنی سیکرٹری

خودمختار ڈائریکٹران کے متعلق کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3)166 کے تحت مادی حقائق کا بیان:

یہ بیان غیر معمولی سالانہ اجلاس عام میں کیے جانے والے ڈائریکٹران کے انتخاب سے متعلق مادی حقائق کا تعین کرتا ہے۔

ایجنڈا آئٹم نمبر 2۔

لسٹڈ کمپنی کے طور پر کمپنی کو کوڈ آف کارپوریٹ گورننس ریگولیشنز، 2019ء کے تحت اپنے بورڈ میں خودمختار ڈائریکٹران کو شامل کرنا ضروری ہے۔ کمپنی اس بات کو یقینی بنائے گی کہ اس کے خودمختار ڈائریکٹران کا انتخاب کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشنز 159 اور (2)166 کمپنیز (خودمختار ڈائریکٹران کا انتخاب اور اسلوب) ریگولیشنز، 2018ء کے تحت کیا جائے گا۔

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3)134 کے تحت سی۔ای۔او اور کمپنی کے دو کل وقتی ورکنگ ایگزیکٹو ڈائریکٹران کے معاوضے میں نظرثانی کے حوالے سے مادی حقائق کا بیان:

یہ بیان 23 مئی 2024ء کو منعقد ہونے والی اللہ وسایا ٹیکسٹائل اینڈ فنشنگ ملز لمیٹڈ (کمپنی) کی غیر معمولی اجلاس عام (E.O.G.M) میں لین دین کے لیے خصوصی کاروبار سے متعلق مادی حقائق کا تعین کرتا ہے۔

ایجنڈا آئٹم نمبر 3۔

موجودہ مہنگائی کو مدنظر رکھتے ہوئے ورکنگ ڈائریکٹران بشمول چیف ایگزیکٹو کے ماہانہ مشاہروں میں مناسب اضافہ کی منظوری لینا۔

مزید کمپنی کے ڈائریکٹران اس قرارداد کو معاوضے و مراعات کی حد تک منظور کروانے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔

نوٹ:۔

1۔ کمپنی کی منتقلی حصص کی کتب 15 مئی 2024ء تا 23 مئی 2024ء بشمول دونوں دن بند رہیں گی۔ کمپنی کے رجسٹرار برائے حصص میسرز حمید مجید ایسوی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ایچ۔ایم ہاؤس، 7 بنک سکوائر، لاہور کے دفتر میں 14 مئی 2024ء تک کاروباری اوقات میں موصول ہونے والی حصص منتقلیاں بروقت تسلیم کی جائیں گی۔

2۔ **ڈائریکٹران کا انتخاب**

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (1)159 کے تحت بورڈ کے ڈائریکٹران نے 30 مئی 2024ء سے شروع ہونے والی تین سال کی اگلی مدت کے لیے اس اجلاس میں منتخب ہونے والے ڈائریکٹران کی تعداد بشمول چار (4) خودمختار اور خواتین ڈائریکٹروں کے ساتھ گیارہ (11) مقرر کی ہے۔

ڈائریکٹران کے انتخاب میں حصہ لینے کے متمنی حصص داران کو غیر معمولی اجلاس عام کے انعقاد سے کم از کم چودہ (14) دن قبل یعنی 09 مئی 2024ء بروز جمعرات تک اپنے عندیہ کو کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں جمع کروانی ہوں گی بشمول درج ذیل دستاویزات اور معلومات:

(i) کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3)159 کے تحت ڈائریکٹران کے انتخاب کے لیے اپنے آپ کو پیش کرنے کے ارادے کا نوٹس۔

(ii) ڈائریکٹران کے انتخاب میں حصہ لینے کے لیے اپنی رضامندی داخل کرتے وقت کمپنی کے حصص دار کے پاس کم از کم 2,500 حصص ہونے چاہییں۔

(iii) لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019ء اور کمپنیز ایکٹ 2017ء میں درج کردہ کمپنی کے ڈائریکٹران کے طور پر کام کرنے کے لیے اہلیت کے معیار کے بارے میں ایک اعلامیہ جمع کروانا۔

(iv) کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 167 کے تحت فارم 9 کے ضمیمہ پر ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کی رضامندی جمع کروانا۔

(v) امیدوار کی تصدیق کہ وہ بیک وقت سات سے زیادہ لسٹڈ کمپنیوں میں بطور ڈائریکٹر بشمول متبادل ڈائریکٹر کے خدمات انجام نہیں دے رہا ہے۔

(vi) امیدوار کا تفصیلی پروفائل کے ساتھ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ (CNIC)، نیشنل ٹیکس نمبر (NTN)، فولیو یا سی ڈی سی (CDC) اکاؤنٹ نمبر، رابطہ کی تفصیلات اور دفتر کا پتہ۔

(vii) خودمختار ڈائریکٹران کا وعدہ کہ وہ کمپنیز (خودمختار ڈائریکٹران کا انتخاب اور اسلوب) ریگولیشنز، 2018 کے ضابطہ 4 کے ذیلی ضابطے (1) کے تقاضوں کو پورا کرتا ہے۔

(viii) خودمختار ڈائریکٹران لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کی شق (3)6 کے تحت ایک اعلامیہ جمع کرائیں گے کہ وہ کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 166 کے تحت طے شدہ خودمختاری کے معیار پر پورا اترتا ہے۔

کمپنی کی ڈائریکٹرشپ میں حصہ لینے والے امیدواروں کی حتمی فہرست مذکورہ اجلاس سے سات (07) دن قبل جاری کی جائے گی۔

3۔ **ڈائریکٹران کے انتخاب کے زمرے**

لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کے ضابطہ 7A کی دفعات کی تعمیل میں ڈائریکٹران کے انتخاب کے لیے خالی اسامیوں/سیٹوں کی مخصوص تعداد کے لیے درج ذیل تین (03) زمروں میں منعقد کیے جائیں گے:

نمبر شمار	زمرہ	سیٹوں/اسامیوں کی تعداد	ووٹنگ تناسب
1	خاتون ڈائریکٹران	تین (03)	03/11
2	خودمختار ڈائریکٹران	چار (04)	04/11
3	دیگر ڈائریکٹران	چار (04)	04/11

کوئی بھی ممبر/حصص دار اپنے عندیہ کا نوٹس جمع کرواتے وقت مندرجہ بالا زمروں میں سے کسی ایک کا انتخاب کرے گا اور واضح طور پر بتائے گا کہ وہ کس زمرے کے لیے ڈائریکٹران کا انتخاب لڑنا چاہتا ہے۔

ممبران اپنی صوابدید پر مندرجہ بالا زمروں میں سے ہر ایک میں انتخاب لڑنے والے کسی بھی امیدوار کو ووٹ دے سکتے ہیں۔ واضح رہے کہ ڈائریکٹران کے انتخاب کے ہر زمرے کے لیے ہر رکن کو ووٹ دینے کے حقوق اس زمرے کے تحت ڈائریکٹران کی خالی اسامیوں/سیٹوں کی تعداد کے تناسب سے ہوں گے۔

اگر ہر زمرے میں اپنے آپ کو پیش کرنے والے ممبران کی تعداد ہر زمرے میں منتخب ہونے والے ڈائریکٹران کی تعداد سے زیادہ نہیں ہے تو ایسے ممبران ووٹنگ کے عمل کے بغیر بلامقابلہ منتخب ہوجائیں گے۔

4۔ ممبران سے التماس ہے کہ S.E.C.P کے حکم کے مطابق اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی مستند مصدقہ کاپی ڈاک یا ای میل کے ذریعے جمع کروائیں اور اگر پتہ میں کوئی تبدیلی ہو تو کمپنی کو فوراً مطلع کریں۔

5۔ طبعی یا سی ڈی سی حصص داران جو اس اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا استحقاق رکھتے ہوں ان کے لیے ضروری ہے کہ اپنی شناخت کیلئے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ یا پاسپورٹ ہمراہ لائیں اور پراکسی کی صورت میں کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقل لف کریں۔ کارپوریٹ ممبرز کے نمائندگان معمول کی ضروری دستاویزات اپنے ہمراہ لائیں۔

6۔ اجلاس ہذا میں شرکت اور ووٹ دینے کا استحقاق رکھنے والا ممبر اپنی جگہ پر ووٹ دینے اور شرکت کرنے کیلئے کسی دوسرے ممبر کو اپنا پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسی کا ممبر ہونا لازمی ہے۔ پراکسی فارم نیابت نامہ کے موثر ہونے کیلئے ضروری ہے کہ پراکسی فارم کے ساتھ ممبران کی اپنی کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی فوٹو کاپیاں، ان کے پراکسی اور ان کے ایک گواہ کی کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی جس پر -/50 روپے کا رسیدی ٹکٹ چسپاں ہو، علاوہ ازیں پراکسی فارم پر ممبر اور گواہ کے بھی دستخط ہوں جو کہ اجلاس کے آغاز سے 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں پہنچ جائیں۔

7۔ ایس ای سی پی کی ہدایت کے پیش نظر، ای او جی ایم (EOGM) عملی طور پر ویڈیو لنک کے ذریعے بھی منعقد کیا جائے گا۔ ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کرنے کے لیے ممبران اور ان کے پراکسیز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ مندرجہ ذیل معلومات کے ساتھ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی مستند فوٹو کاپی (دونوں اطراف)/ پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی، کارپوریٹ حصص دار ہونے کی صورت میں بورڈ کی قرارداد کی مصدقہ کاپی یا پاور آف اٹارنی فراہم کرکے خود کو مورخہ 20 مئی 2024ء تک ای میل secretary@allawasaya.com کے ذریعے رجسٹر کریں۔

ممبر کا نام	فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر	کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ نمبر	موبائل نمبر	ای میل ایڈریس

ضروری تصدیق کے بعد رجسٹر ہونے والے ممبران کو کمپنی کی طرف سے ای میل ایڈریس پر ایک ویڈیو لنک فراہم کیا جائے گا جس پر وہ کمپنی کو ای میل کرتے ہیں۔ لاگ ان کی سہولت اجلاس کے آغاز سے اس کی کاروائی مکمل ہونے تک کھلی رہے گی۔

8۔ **پوسٹل بیلٹ اور ای ووٹنگ**

ممبران اپنے ووٹ کا حق پوسٹل بیلٹ کے ذریعے کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 143 اور 144 کے تقاضوں سے مشروط خصوصی کاروبار کے مقاصد، اراکین کو مذکورہ ضوابط میں موجود تقاضوں اور طریقہ کار کے مطابق پوسٹل بیلٹ/الیکٹرانک موڈ کے ذریعے اپنے ووٹ کا حق استعمال کرنے کی اجازت ہوگی کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018ء کے مطابق کسی خصوصی کاروبار کے مقاصد کے لیے اور ڈائریکٹران کے انتخاب کے مقصد کے لیے، اگر خود کو منتخب کرنے والے افراد کی تعداد کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 159 سب سیکشن 1 کے تحت مقرر کردہ ڈائریکٹران کی تعداد سے زیادہ ہے تو ممبران کو مذکورہ ضابطوں میں موجود ضرورت اور طریقہ کار کے مطابق پوسٹل بیلٹ/الیکٹرانک طریقہ کار کے ذریعے ووٹ کا حق استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔ کمپنی الیکٹرانک ووٹنگ کے طریقہ کار اور پوسٹل بیلٹ پیپرز کو اخبارات میں شائع کرے گی اور اسے اجلاس سے سات (07) دن قبل کمپنی کی ویب سائٹ یعنی www.allawasaya.com پر بھی اپ لوڈ کرے گی۔

ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنی تفصیلات نام، فولیو نمبر، ای میل ایڈریس، رابطہ نمبر کے ساتھ کمپنی کے شیئر رجسٹرار اور ای ووٹنگ سہولت کار، میسرز حمید مجید ایسوی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ایچ ایم ہاؤس، 7۔ بینک اسکوائر، لاہور کو 14 مئی 2024 تک یا اس سے پہلے فراہم کردیں۔

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کے ضابطہ نمبر 11 کے مطابق، کمپنی کے بورڈ نے میسرز یوسف عادل چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو چھان بین کنندہ (Scruitinizer) مقرر کیا ہے، ایک کیو سی آر (QCR) ریٹڈ آڈٹ فرم جو کہ ریگولیشنز نمبر 11A میں بیان کردہ ڈائریکٹران کے انتخاب کی ذمہ داریاں نبھانے کے لیے کمپنی کے چھان بین کنندہ (Scruitinizer) کے طور پر کام کرے گی۔